پیش لفظ

شماریاتی ضمیمہ معیشت کے ان تقریباً تمام شعبوں کے بارے میں مفصل و جامع اعداد و شمار فراہم کرتا ہے جن کا احاطہ **بینک دولت پاکستان کی سالانہ رپورٹ، پاکستانی معیشت کا جائزہ، جلد اوّل، 12-2011ء** میں کیا گیا ہے۔ ضمیمے میں درج اعداد و شمار کا مقصد رپورٹ کے تجزیوں کو ٹھوس بنیاد فراہم کرنا اور قارئین کو معیشت کا تفصیلی تجزیہ کرنے کے قابل بنانا ہے۔

شماریاتی ضمیمے میں معاشی نمو، بچت، سرمایہ کاری، قیمتوں، سرکاری مالیات، زر اور قرضے، بینکاری نظام، بازار سرمایہ، ملکی و بیرونی قرض، توازن ادائیگی، بیرونی تجارت اور سماجی شعبے کی ترقی سے متعلق اعداد و شمار ہیں۔ کوشش کی گئی ہے کہ معیشت کے مختلف شعبوں کے بارے میں صحیح اور تازہ ترین اعداد و شمار شامل کیے جائیں۔ امید ہے کہ یہ ضمیمہ معلومات کا مفید ذریعہ ثابت ہوگا اور محققین اور پالیسی سازوں کی ضروریات پوری کرے گا۔ ضمیمے کے لیے اعداد و شمار متنوع ذرائع اور سرکاری اداروں اور اسٹیٹ بینک کے مختلف شعبوں کے تعاون سے حاصل کیے گئے ہیں جس پر وہ شکریے کے مستحق ہیں۔ ضمیمہ بروقت تیار کرنے پر ٹیم کے ارکان کی کوششیں لائق تحسین ہیں۔

مزید بہتری کے لیے تبصروں اور تجاویز کا خیر مقدم کیا جائے گا۔

ڈاکٹر عزیز اللہ خٹک
ڈائریکٹر
شعبہ شماریات

اظہارِ تشکر

اس ضمیمے کی تیاری میں رہنمائی کرنے پر ڈائریکٹر ڈاکٹر عزیز اللہ خٹک اور ایڈیشنل ڈائریکٹر ڈاکٹر اسحاق احمد انصاری کا شکریہ ٹیم پر واجب ہے۔ ہم بینک دولت پاکستان کے ان شعبوں کے شکر گذار ہیں: شعبہ مالیات، شعبہ فاصلاتی نگرانی و نفاذ، ایس بی پی بی ایس سی (بینک)، شعبہ انفرا اسٹرکچر مکاناتی مالکاری اور ایس ایم ای مالیات، شعبہ زرعی قرضہ و خرد مالکاری، شعبہ نظام ادائیگی، شعبہ ملکی بازار و زری انتظام۔ ہم اعداد و شمار کی فراہمی میں قابل قدر تعاون پر پاکستان دفتر شماریات، کراچی اسٹاک ایکسچینج، وزارت خزانہ، فیڈرل بورڈ آف ریونیو، ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان، مرکزی ڈائریکٹریٹ برائے قومی بچت کے بھی شکر گذار ہیں۔ شعبہ شماریات کے تمام یونٹوں اور ڈویژنوں کا بھی شکریہ کہ انہوں نے ضمیمے کے لیے جداول کی صورت میں خام مواد فراہم کیا۔

ٹیم